ٹائٹل: اسلامی دور کی سب سے پہلی مسجد "مسجدِ قباء" جسے قرآن کریم نے "مسجدِ تقویٰ" کہا ہے۔

0150215

کتاب کا نام : تربیتی نصاب حصہ دوم (برائے اسکول)

تاریخ اشاعت : فروری 2015

کمپوزنگ : انعام اللہ

ڈیزائننگ : عبید اشفاق

ناشر : مکتب تعلیم القرآن الکریم

١ مکتب تعلیم القرآن الکریم

C-1 کاسموپولیٹن سوسائٹی، بالمقابل سہوانی کلب، گرومندر کراچی۔

فون: 0332-2154190

ای میل: maktab2006@hotmail.com

٢ مدرسہ بیت العلم

ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی

فون: 92-21-34976073+ فیکس: 92-21-34976339+

٣ مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

کراچی (موبائل نمبر): 0300-2298536, 0323-2163507, 0334-3630795

لاہور (موبائل نمبر): 0321-4066762

اسلامیات

دوسری جماعت کے لیے

(برائے اسکول)

"تربیتی نِصَاب" وفاقی وزارتِ تعلیم حکومت پاکستان کے متعین کردہ خطوط کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

نام طالب علم/طالبہ : .... ولدیت : ....

اسکول کا نام .... مُعلّم/مُعلّمہ کا نام ....

جمع وترتیب

احبابِ مکتب تعلیم القرآن الکریم

اظہارِ تشکّر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحٰتُ۔

دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اور صرف اسلام ہے۔ دین اسلام کی خدمت محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی عطا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے دین کی خدمت کرنے کی توفیق نصیب فرمائی۔

دورِ حاضر میں بچپن سے بچوں کی دینی تعلیم و تربیت اور اس کی فکر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! اس سے قبل علمائے کرام اور تجربہ کار اساتذہ کی ایک جماعت نے بچوں کے لیے "آسان اردو، فرسٹ اسٹیپ اور سعید ریڈر" تیار کی ہے جس میں بچوں کے لیے اخلاق و آداب، حسنِ معاشرت کے مضامین شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کی دی ہوئی توفیق سے "احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم" نے اسلامیات کا نصاب "تربیتی نصاب" کے نام سے مرتب کیا جو مستند ہونے کے ساتھ ساتھ اسکول کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے،

١. وفاقی وزارتِ تعلیم، حکومتِ پاکستان کے متعین کردہ خطوط.......
٢. رنگین تصاویر.......
٣. دل چسپ مشقوں.......
٤. مثبت انداز میں اختلافی مسائل سے صرفِ نظر کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔
٥. نیز بچوں کی نفسیات کے عین مطابق ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ماہرینِ تعلیم سے اصلاح کرانے کے بعد "حصہ دوم" پیشِ خدمت ہے۔
میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

از
(مفتی) محمد حنیف عبدالمجید
سرپرست اعلیٰ مکتب تعلیم القرآن الکریم

کتاب کا مکمل خاکہ

ایمانیات	عقائد	کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، کلمۂ تمجید، کلمۂ توحید، اللہ تعالیٰ، اسمائے حسنیٰ ''اَلْوَهَّابُ'' سے ''اَلشَّكُوْرُ'' تک، ہمارا دین اور اسلام کے ارکان۔
عبادات	طہارت	وضو کا بیان، وضو کے فرائض اور وضو کے نواقض۔
	مکمل نماز	نماز کی اہمیت و فضیلت، مکمل نماز ترجمے کے ساتھ، نماز پڑھنے کا طریقہ، نقشہ رکعات نماز اور نماز کے فرائض۔
احادیث	پانچ احادیث ترجمے کے ساتھ	۱ مدد صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنا ۲ سلام پھیلانا ۳ کھانے کا اہم ادب ۴ غصہ کرنے کی ممانعت ۵ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی ممانعت۔
مسنون دعائیں	پانچ دعائیں ترجمے کے ساتھ	۱ سونے سے پہلے کی دعا ۲ سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا ۳ گھر میں داخل ہونے کی دعا ۴ گھر سے نکلنے کی دعا ۵ حفاظت کی دعا
سیرت	سیرت	ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حسن تدبیر کا ایک واقعہ، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد، نبوت، تبلیغ اسلام کا آغاز، اسلام کی دعوت اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر کفار کا ردِ عمل۔
اخلاقیات	اخلاق و آداب	شکر، پینے کے آداب، کھانے کے آداب، سونے کے آداب اور اچھی عادتیں۔

فہرست مضامین

مقدّمہ

بچوں کو مکمل اسلامی مزاج پر ڈھالنے کے لیے ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسا نصاب ترتیب دیا جائے جس کے ذریعے ان کی ایسی تعلیم و تربیت ہو کہ وہ کسی بھی شعبے میں جا کر مثالی کردار ادا کر سکیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اس مقصد کے حصول کے لیے پہلی جماعت سے لے کر آٹھویں جماعت تک کے لیے "تربیتی نصاب" برائے اسکول مرتب کیا گیا ہے۔

اسکولوں کے اساتذہ اور معلمات نصاب میں دیے گئے نظام کے تحت روزانہ بچے/بچیوں کی دینی واخلاقی تربیت اور مسائل کی تعلیم کے لیے محنت فرمائیں اور ہر فرض نماز کے بعد دعا مانگیں تو اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ اس سے بچے/بچیوں میں درج ذیل صفات پیدا ہوں گی۔

١. دین کے ضروری مسائل اور بنیادی عقائد کا علم۔
٢. اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت و اتباع۔
٣. دین پر چلنے کا شوق۔
٤. خشوع وخضوع کے ساتھ نماز پڑھنے کا اہتمام۔
٥. ہر ہر موقع کی مسنون دعا مانگنے کا اہتمام۔
٦. دین پھیلانے کا جذبہ۔
٧. والدین اور اساتذہ کرام کا ادب۔
٨. بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت۔
٩. رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق کی ادائیگی۔
١٠. چوبیس گھنٹے کی زندگی کے آداب پر عمل۔

تمام اسکولوں کے پرنسپل صاحبان اور اساتذہ کرام/معلمات سے گزارش ہے کہ اس نصاب کو اپنے اپنے اسکولوں میں رائج فرمائیں۔ اور "مکتب تعلیم القرآن الکریم" کے اساتذہ، معاونین اور جن حضرات نے اس کتاب کی تیاری میں حصہ لیا ان کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے۔

احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم

تربیتی نصاب کی خصوصیات

1. یہ کل آٹھ سالہ نصاب ہے جو اسکولوں میں طلبا و طالبات کی دینی و اخلاقی تربیت کو مدِ نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔
2. جس سال میں جو اسباق پڑھائے جائیں گے، ان کا خاکہ دیا گیا ہے۔
3. ہر سبق کو پڑھانے کے لیے دنوں کو متعین کر دیا گیا ہے تاکہ اساتذہ/معلمات کو پڑھانے میں آسانی رہے۔
4. ہر باب کے شروع میں اس کی مفہومی تعریف لکھی گئی ہے تاکہ ہر باب کا اچھی طرح تعارف ہو جائے۔
5. بحمد اللہ الفاظ، انداز اور مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔
6. ہر باب کو مختلف رنگ دیا گیا ہے اور ہر باب کا رنگ دوسرے باب سے مختلف ہے تاکہ ایک باب کو پڑھنے کے بعد دوسرا باب پڑھنے کے لیے کتاب میں تلاش کرنے میں آسانی ہو۔
7. کتاب میں مختلف جاذبِ نظر رنگ، غیر جان دار کی پُرکشش تصاویر اور دل چسپ (Pupil Activities) دی گئی ہیں اور یہ اس انداز سے دی گئی ہیں کہ سبق کی مشق کلاس میں ہو جائے اور استاذ کا کام آسان ہو جائے۔
8. سبق سے متعلق اہم اور اضافی معلومات کو ان مختلف عنوانات

کے تحت دیا گیا ہے تاکہ طلبا/طالبات کے ذہن میں یہ اہم معلومات نقش ہو جائیں۔

9. عملی مشق کے ذریعہ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہر بچہ/بچی اسکول میں روزانہ کوئی نہ کوئی عملی بات سیکھے جس سے اس کو دین سے محبت پیدا ہو اور والدین کو بھی ترغیب ملے۔
10. نصاب کے آخر میں نماز کی ڈائری موجود ہے تاکہ طلبا و طالبات کی بچپن ہی سے نماز جیسی اہم عبادت کو ادا کرنے کی عادت بنے۔
11. نصاب کے آخر میں (حصہ دوم سے) رمضان چارٹ بھی دیا گیا ہے تاکہ بچے/بچیاں ابتدا سے رمضان المبارک میں روزوں اور اعمال کا اہتمام کرنے والے بنیں۔
12. اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! نصاب کے آخر میں حوالہ جات بھی دیے گئے ہیں تاکہ بات مستند ہو۔

مجوّزہ نظام الاوقات

❶ نصاب میں شامل چار ابواب کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک دن ایمانیات اور عبادات پڑھائیں اور دوسرے دن احادیث و مسنون دعائیں اور سیرت و اخلاق و آداب پڑھائیں۔

❷ ابواب پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:

ایک دن پڑھایا جائے	
ابواب	اوقات
ایمانیات	15 منٹ
عبادات	15 منٹ
دوسرے دن پڑھایا جائے	
ابواب	اوقات
احادیث و مسنون دعائیں	15 منٹ
سیرت و اخلاق و آداب	15 منٹ

نوٹ: بقیہ وقت میں محترم اساتذہ/معلمات!

❶ نماز کی ڈائری دیکھیں۔ ❷ آج جو پڑھایا گیا ہے اس پر عمل کرنے کی ترغیبی بات کریں۔

❸ گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

ابواب پڑھانے کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں حسب ضرورت کمی و زیادتی کی گنجائش ہے۔

حمد

حمد : نظم کے انداز میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے کو "حمد" کہتے ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ

سب سے برتر نام ، اللہ
سب سے بہتر نام ، اللہ
سب کا سہارا نام ، اللہ
کتنا پیارا نام ، اللہ
جو بھی پکارے نام ، اللہ
اُس کے سنوارے کام ، اللہ
آنکھوں کو یہ ٹھنڈک بخشے
دل کو دے آرام ، اللہ
دنیا کی ہر ہر نعمت
تیرا خاص انعام ، اللہ
تیرے نور سے روشن ہوں
میرے صبح و شام ، اللہ
دل میں تیری یاد بسے
لب پہ تیرا نام ، اللہ
عاجز بندے پر کردے
اپنی رَحمت عام ، اللہ

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

نعت: جن اشعار میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی تعریف کی جاتی ہے اس کو "نعت" کہتے ہیں۔

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے نبی پیارے پیارے
وہ چاند اور صحابہ تھے ان کے ستارے

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پیمبر ہیں پیارے ہمارے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہدایت کے روشن منارے

خدا کے سب احکام ، راہیں ہماری
نبی کے طریقے ، ہمارے سہارے

وہ آئے تھے مولا کا پیغام لے کر
دیے ہم کو قرآن کے تیس پارے

سوا لاکھ تھے اُن کے پیارے صحابہ
یہ گل بوٹے سارے نبی نے سَنوارے

ستایا گیا ان کو کس کس طرح سے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مگر پھر بھی ہمّت نہ ہارے

خدا راضی ہو جائے ہر اِنس و جِن سے
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تھے بے چین اِس غم کے مارے

ایمانیات

📖 ایمانیات: ہر مسلمان کے لیے جن باتوں پر دل سے یقین رکھنا ضروری ہے ان کو ''ایمانیات'' کہتے ہیں۔

سبق: ۱ کلمۂ طَیِّبَہ

📖 ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ''[۱]

📖 ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔''

کلمۂ شہادت

📖 ''اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ''۔[۲]

📖 ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

عملی مشق استاذ یہ دونوں کلمے بچوں سے با آواز بلند کہلوائیں تاکہ یہ بچوں کو اچھی طرح یاد ہو جائیں۔

سوال:۱ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

شریک ، معبود ، رسول

۱. اللہ کے سوا کوئی ___معبود___ نہیں۔
۲. اللہ کا کوئی ______ نہیں۔
۳. محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے ______ ہیں۔

سوال:۲ پنسل سے مکمل کیجئے۔

(الف) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

(ب) اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

سبق:۱	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۲ کلمۂ تمجید

📖 سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ ط

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط۔ (۳)

☆ ترجمہ: ''اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے، جو بہت بلند عظمت والا ہے۔''

📖 تمجید کے معنی ''بزرگی'' کے ہیں۔

📖 اس کلمے میں اللہ تعالیٰ کی بزرگی اور بڑائی ہے، اس لیے اسے کلمۂ ''تمجید'' کہتے ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ ہی تعریف کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اکیلے ساری کائنات کو بنایا ہے اور سب کچھ اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے۔

☆ اس دنیا میں جو کچھ بھی ہے، وہ اللہ تعالیٰ ہی کا بنایا ہوا ہے اور ہر چیز کے اندر جو خاصیت ہے، وہ بھی اللہ تعالیٰ ہی نے رکھی ہے۔ مثلاً: آگ میں روشنی اور گرمی اللہ تعالیٰ ہی نے رکھی ہے، پانی میں پیاس بجھانے کی خاصیت بھی اللہ تعالیٰ ہی نے رکھی ہے، لہٰذا اصل تعریف کے مستحق تو اللہ تعالیٰ ہی ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ کو اپنے وہ بندے بہت پسند ہیں جو سُبْحَانَ اللّٰہِ کہہ کر اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہہ کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں اور "کلمۂ تمجید" پڑھتے رہتے ہیں۔

مشق

سوال:۱ تعریف کا مستحق کون ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ

سوال:۲ تمجید کے کیا معنی ہیں؟

جواب: ____________

سوال:۳ ساری کائنات کو اکیلے کس نے بنایا ہے؟

جواب: ____________

سوال:۴ کلمہ تمجید پنسل سے مکمل کیجیے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

عملی مشق | ہمیں بھی روزانہ صبح وشام سو سو مرتبہ "کلمۂ تمجید" پڑھنا چاہیے۔

سبق:۲	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۳ کلمۂ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[۵]

☆ ترجمہ: ”اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، اسے کبھی موت نہیں آئے گی، اسی کے قبضۂ قدرت میں ہر بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔“

فائدے کی بات

بازار میں کلمۂ توحید پڑھنے سے دس لاکھ نیکیاں ملتی ہیں۔[۶]

- اسلام کی بنیاد توحید پر ہے۔
- توحید کا مطلب ہے "اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا، صرف اسی کی عبادت کرنا اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا"۔
- اللہ تعالیٰ ایک ہے، وہ کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔
- آسمان، زمین، سورج، چاند، دریا، پہاڑ، انسان، فرشتے اور ساری چیزیں اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں۔

مشق

سوال:۱ خالی جگہ پُر کریں۔

(الف) توحید کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کو ___ایک___ ماننا۔

(ب) اللہ تعالیٰ کسی کا __________ نہیں۔

(ج) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر __________ رکھتا ہے۔

سوال:۲ ''کلمۂ توحید'' کو پنسل سے مکمل کیجیے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ
بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ

سوال:۳ مندرجہ ذیل الفاظ پزل میں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔ آپ ان الفاظ کو اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں تلاش کریں۔

عبادت ۔ محتاج ۔ قدرت ۔ آسمان ۔ فرشتے ۔ انسان ۔ توحید ۔

ص	ا	م	ک	ل	ب	ت	ث
س	ب	ا	ف	ر	ش	ت	ے
ت	ت	ب	ک	م	ع	ی	ک
و	ث	ت	گ	ن	ب	ء	ن
ح	ج	ی	ل	و	ا	ہ	م
ی	ح	د	ذ	ر	د	آ	ل
د	خ	ق	د	ر	ت	س	ت
ی	د	ک	گ	ل	م	م	ص
ت	ذ	ن	م	ح	ت	ا	ج
ک	ر	ا	ن	س	ا	ن	ب

عملی کام | کلمۂ توحید ایک چارٹ پر خوش خط لکھ کر اپنی کلاس میں لگائیں۔

سبق: ۳	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۴ اسمائے حسنیٰ

گزشتہ سال کی دہرائی

☆ اسمائے حُسنیٰ: اللہ تعالیٰ کے ناموں کو "اسمائے حسنیٰ" کہتے ہیں۔

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا"۔(۷)

کیا آپ کو معلوم ہے

اسمائے حسنیٰ (اچھے اچھے نام) اللہ ہی کے ہیں لہٰذا اللہ تعالیٰ کو انہی ناموں سے پکارنا چاہیے۔(۸)

☆ اس لیے ہم سب کو یہ نام زبانی یاد کرنے چاہئیں۔

📖 هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں،

اَلرَّحْمٰنُ سب پر مہربان	اَلرَّحِيْمُ بہت مہربان	اَلْمَلِكُ حقیقی بادشاہ	اَلْقُدُّوْسُ ہر عیب سے پاک	اَلسَّلَامُ سلامت رکھنے والا
اَلْمُؤْمِنُ امن دینے والا	اَلْمُهَيْمِنُ نگہبانی کرنے والا	اَلْعَزِيْزُ سب پر غالب	اَلْجَبَّارُ خرابی درست کرنے والا	اَلْمُتَكَبِّرُ بہت بڑائی والا
اَلْخَالِقُ پیدا کرنے والا	اَلْبَارِئُ ٹھیک ٹھیک بنانے والا	اَلْمُصَوِّرُ صورت بنانے والا	اَلْغَفَّارُ گناہوں کو ہر وقت بہت زیادہ بخشنے والا	اَلْقَهَّارُ بہت غلبے والا

مشق

سوال:۱ لکیر کے ذریعے اسمائے حُسنیٰ ان کے ترجمے کے ساتھ ملائیں۔

اسمائے حُسنیٰ	ترجمہ
اَلرَّحْمٰنُ	نگہبانی کرنے والا
اَلْمَلِكُ	خرابی درست کرنے والا
اَلسَّلَامُ	پیدا کرنے والا
اَلْمُهَيْمِنُ	سلامت رکھنے والا
اَلْجَبَّارُ	سب پر مہربان
اَلْخَالِقُ	حقیقی بادشاہ

سوال:۲ پنسل سے مکمل کیجیے۔

اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِيْمُ اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ

اَلْمُؤْمِنُ اَلْمُهَيْمِنُ اَلْعَزِيْزُ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَكَبِّرُ

اَلْخَالِقُ اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ اَلْغَفَّارُ اَلْقَهَّارُ

سبق:۴	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۵ اس سال کے اسمائے حُسنیٰ

اَلْوَهَّابُ سب کچھ عطا کرنے والا	اَلرَّزَّاقُ بہت روزی دینے والا	اَلْفَتَّاحُ بڑا فیصلہ کرنے والا	اَلْعَلِيْمُ بہت جاننے والا
اَلْقَابِضُ روزی تنگ کرنے والا	اَلْبَاسِطُ فراخی کرنے والا	اَلْخَافِضُ پست کرنے والا	اَلرَّافِعُ بلند کرنے والا

سوال:۱ پنسل سے مکمل کریں۔

اَلْوَهَّابُ اَلرَّزَّاقُ اَلْفَتَّاحُ اَلْعَلِيْمُ

اَلْقَابِضُ اَلْبَاسِطُ اَلْخَافِضُ اَلرَّافِعُ

سوال:۲ اسمائے حُسنیٰ کا ترجمہ لکھا گیا ہے، اسمائے حُسنیٰ لکھیں۔

(الف) بہت روزی دینے والا اَلرَّزَّاقُ

(ب) بہت جاننے والا ______

(ج) فراخی کرنے والا ______

(د) بلند کرنے والا ______

یاد رکھنے کی بات

جو باتیں ہم اپنے دلوں میں سوچتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں بھی جانتے ہیں۔

سبق:۵	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق:٦ اسمائے حُسنیٰ

اَلْمُعِزُّ	اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِیْعُ	اَلْبَصِیْرُ
عزت دینے والا	ذلت دینے والا	سننے والا	دیکھنے والا

اَلْحَکَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِیْفُ	اَلْخَبِیْرُ
اٹل فیصلہ کرنے والا	صحیح انصاف کرنے والا	بھیدوں کا جاننے والا	پوری طرح خبر رکھنے والا

عملی کام | اب تک پڑھے گئے اسمائے حُسنیٰ اور ان کا ترجمہ ایک چارٹ پر خوش خط لکھ کر اپنے گھر میں لٹکائیں۔

مشق

سوال:١ خالی خانوں میں اسمائے حُسنیٰ یا ان کا ترجمہ لکھیں۔

اسمائے حُسنیٰ	ترجمہ	اسمائے حُسنیٰ	ترجمہ
اَلْمُعِزُّ	عزت دینے والا	اَلْمُذِلُّ	
	اٹل فیصلہ کرنے والا		صحیح انصاف کرنے والا
اَلْبَصِیْرُ		اَلْخَبِیْرُ	
	بھیدوں کا جاننے والا		سننے والا

سبق:٦	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

ایمانیات

سبق: ۷ ہمارا دِین

بے شک (معتبر) دین تو اللہ کے نزدیک دین اسلام ہی ہے۔ (۹)

- ہم سب مسلمان ہیں۔
- ہمارا دین اسلام ہے۔
- اسلام کے معنی ''فرماں برداری'' کے ہیں۔
- اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔
- اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کریں۔
- اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو پورا کریں۔
- ہم اپنے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں پر عمل کریں۔

☆ اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم ہمیشہ اچھے کام کریں اور بُرے کاموں سے بچتے رہیں۔

☆ ہمیشہ سچ بولیں۔

☆ سب کے ساتھ اچھائی کریں۔

☆ اپنے ابو، امی اور اساتذہ کرام کی عزت کریں۔

☆ اپنے بھائی، بہن اور دوستوں کے ساتھ پیار اور محبت سے رہیں۔

- اسلام ہمیں دھوکہ دینے اور دوسروں کی چیز بغیر اجازت لینے سے منع کرتا ہے۔

عملی مشق | تمام بچے استاد/معلمہ کی نگرانی میں ایک دوسرے کی چیز اجازت لے کر استعمال کریں۔

مشق

سوال:۱ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

اچھے ، اللہ تعالیٰ ، مسلمان ، اجازت ، عزّت

(الف) ہم سب ___مسلمان___ ہیں۔

(ب) اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ __________ ایک ہے۔

(ج) اسلام ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم ہمیشہ __________ کام کریں۔

(د) اپنے ابو، امی اور اساتذہ کرام کی __________ کریں۔

(ہ) اسلام ہمیں دھوکہ دینے اور دوسروں کی چیز بغیر __________ لینے سے منع کرتا ہے۔

سوال:۲ حروف جوڑ کر الفاظ بنائیں۔

(الف) م + س + ل + م + ا + ن = ___مسلمان___

(ب) ر + س + و + ل = __________

(ج) ع + ب + ا + د + ت = __________

(د) ا + س + ل + ا + م = __________

(ہ) د + و + س + ت + و + ں = __________

سوال: ۳ ذیل میں چند الفاظ دیے گئے ہیں آپ ان کے اُلٹ معنی والے الفاظ سبق میں سے تلاش کر کے لکھیے۔

الفاظ	الٹ معنی والے الفاظ
نافرمانی	فرماں برداری
پہلا	
برے	
جھوٹ	
برائی	
نفرت	

سوال: ۴ مندرجہ ذیل حروف پر ختم ہونے والے الفاظ سبق میں سے تلاش کر کے لکھیں۔

حروف	الفاظ کی تعداد	الفاظ		
ت	تین الفاظ	۱ عبادت	۲ عزت	۳ محبت
م	تین الفاظ	۱	۲	۳
ن	تین الفاظ	۱	۲	۳

سبق: ۷	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۸ اسلام کے ارکان

کیا آپ کو معلوم ہے

پانچ نمازیں پڑھنے کا ثواب پچاس نمازوں کے برابر ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اسلام کی بنیاد پانچ ستونوں پر قائم کی گئی ہے۔

۱ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت اور بندگی کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں ۲ نماز قائم کرنا ۳ زکوٰۃ ادا کرنا ۴ حج کرنا

۵ اور رمضان المبارک کے روزے رکھنا۔ (۱۰)

☆ ۱ **کلمۂ طیبہ:** زبان سے پڑھنا اور دِل سے اس کی تصدیق کرنا مسلمان ہونے کے لیے ضروری ہے۔

☆ ۲ **نماز قائم کرنا:** اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں، ان نمازوں کو پابندی کے ساتھ اپنے اپنے وقت پر ادا کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔

☆ ۳ **زکوٰۃ ادا کرنا:** اللہ تعالیٰ نے مال دار مسلمانوں پر سال میں ایک مرتبہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرنا فرض کی ہے۔ زکوٰۃ میں مال کا ڈھائی فی صد یعنی چالیسواں حصہ نکالا جاتا ہے اور زکوٰۃ غریب مسلمانوں کو دی جاتی ہے۔

زکوٰۃ 2.5%

☆ ۴ **حج کرنا:** اللہ تعالیٰ نے زندگی میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض کیا ہے ان مسلمانوں پر جو بیت اللہ تک پہنچنے کی طاقت رکھتے ہوں۔ مسلمان حج کرنے مکہ مکرمہ جاتے ہیں۔

☆ ۵ **رمضان کے روزے رکھنا:** اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر رمضان المبارک کے مہینے کے پورے روزے رکھنا فرض کیے ہیں۔

سوال:۱ اسلام کے ارکان کو نیچے دیے گئے خانوں میں لکھیں۔

سوال:۲ خالی جگہ پُر کریں۔

(الف) اسلام کی بنیاد ___پانچ___ ستونوں پر قائم کی گئی ہے۔

(ب) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر دن رات میں __________ فرض کی ہیں۔

(ج) اللہ تعالیٰ نے مال دار مسلمانوں پر سال میں ایک مرتبہ اپنے مال کی __________ فرض کی ہے۔

(د) اللہ تعالیٰ نے زندگی میں ایک مرتبہ __________ فرض کیا ہے ان مسلمانوں پر جو بیت اللہ تک پہنچنے کی طاقت رکھتے ہوں۔

(ھ) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر رمضان المبارک کے مہینے کے پورے __________ فرض کیے ہیں۔

سوال:۳ حصہ "الف" کو حصہ "ب" کے ساتھ لکیر کے ذریعے ملائیں۔

"الف"	"ب"
زکوٰۃ میں مال کا ڈھائی فی صد یعنی	پورے روزے رکھنا فرض کیے ہیں
رمضان المبارک کے مہینے کے	مکہ مکرمہ جاتے ہیں
مسلمان حج کرنے	اپنے وقت پر ادا کرنا
نمازوں کو پابندی کے ساتھ	چالیسواں حصہ نکالا جاتا ہے

سبق:۸	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

عبادات

عبادات: جو اعمال اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کیے ہیں۔ (نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ) اور وہ اعمال جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ (قرآن کریم پڑھنا، اس کا حفظ کرنا، دین کا علم حاصل کرنا وغیرہ۔) انہیں ''عبادات'' کہتے ہیں۔

سبق:۱ وضو کا بیان

فائدے کی بات

اچھی طرح وضو کرنے سے پورے جسم کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔[۱]

وضو کرنے کی فضیلت:

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''میرے اُمّتی قیامت کے دِن بلائے جائیں گے تو وضو کے اثر سے ان کے چہرے اور ہاتھ، پاؤں چمک رہے ہوں گے۔'' [۲]

وضو کرنے کا طریقہ:

☆ صاف ستھری اونچی جگہ پر قبلے کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔

☆ نیت کریں۔

''بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ'' پڑھیں۔[۳]

☆ دونوں ہاتھ گٹوں تک تین بار دھوئیں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار کلی کریں اور مسواک کریں۔

☆ سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار ناک میں پانی ڈالیں اور الٹے ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

☆ دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر چہرے کو تین بار اس طرح دھوئیں کہ چہرہ کہیں سے بھی خشک نہ رہے۔ یعنی ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اور پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک پورا چہرہ دھوئیں۔

☆ پہلے سیدھے پھر الٹے ہاتھ کو کہنیوں سمیت تین تین بار اچھی طرح دھوئیں، پھر ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر خلال کریں۔ (۴)

☆ پورے سر کا مسح کریں، اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو گیلا کر کے سر کے دونوں طرف پیشانی کے بالوں کی جگہ پر رکھیں اور ہتھیلیوں کو انگلیوں سمیت گدّی تک لے جائیں اور پھر واپس لوٹائیں، شہادت کی انگلی سے کانوں کے اندر کا مسح کریں اور انگوٹھے سے کانوں کے باہر کا مسح کریں اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی پُشت گردن پر پھیرلیں۔

☆ پہلے سیدھے اور پھر الٹے پیر کو تین مرتبہ ٹخنوں سمیت اُلٹے ہاتھ سے اچھی طرح دھوئیں اور الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال کریں۔

☆ خلال سیدھے پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع کریں اور الٹے پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم کریں۔

ہدایات برائے استاذ!

استاذ محترم بچوں کو عملی طور پر سنت کے مطابق وضو کرنا سکھائیں۔

۱ ''کان کی لو'' ۲ ''کہنیاں'' ۳ ''چوتھائی سر کا حصہ'' ۴ ''پاؤں کے ٹخنے'' ۵ ''انگلیوں کا خلال'' بچوں کو اچھی طرح وضاحت سے بتائیں ۶ مسواک کے فائدے بتا کر مسواک کا اہتمام کرنے کی ترغیب دیں ۷ پانی کے اسراف سے بچنے کی ترغیب دیں۔ خصوصاً مسواک کرتے وقت اور سر کا مسح کرتے وقت پانی کا نل بند کردیں۔

سوال:۱ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

(الف) وضو کے اثر سے قیامت کے دن چہرے، ہاتھ اور پاؤں کیسے ہوں گے؟

جواب: ________________________

(ب) وضو کرنے کے لیے کیسی جگہ بیٹھنا چاہیے؟

جواب: ________________________

(ج) دونوں پیروں کو کس ہاتھ سے دھونا چاہیے؟

جواب: ________________________

سوال:۲ لکیر کے ذریعے حصہ "الف" کو حصہ "ب" سے ملا کر جملے مکمل کریں۔

(الف)	(ب)
صاف ستھری اونچی جگہ پر	کہنیوں سمیت تین تین بار اچھی طرح دھوئیں
بِسۡمِ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	چہرے کو تین بار دھوئیں
سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر تین بار	مسح کریں
دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر	قبلے کی طرف منہ کر کے بیٹھیں
پہلے سیدھے اور پھر الٹے ہاتھ کو	ناک میں پانی ڈالیں
پورے سر کا	پڑھیں

سوال: ۳ صحیح اور غلط کی نشان دہی کریں، صحیح پر ✓ کی علامت اور غلط پر ✗ کی علامت لگائیں۔

(الف) وضو میں | الٹے | سیدھے | ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

(ب) کہنیوں سمیت ہاتھ دھونے کے بعد | سر کا مسح کریں | ہاتھ کی انگلیوں کا خلال کریں | ۔

(ج) وضو میں | چہرے | سر | کو تین مرتبہ دھوئیں۔

(د) وضو میں | تین بار | پانچ بار | کلی کریں۔

(ھ) وضو کرنے کے لیے | قبلے | مسجد | کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔

(و) پورے | سر | چہرے | کا مسح کریں۔

(ز) الٹے ہاتھ کی | بڑی | چھوٹی | انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال کریں۔

عملی مشق | استاذ محترم! طلبا کو عملی طور پر وضو کر کے دکھائیں اور طلبا سے وضو کرائیں۔

سبق: ۱	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۲ وضو کے فرائض

- وضو کے چار فرائض[ا] ہیں۔
- ۱ ایک مرتبہ پورے چہرے کو دھونا۔
- ۲ ایک مرتبہ دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔
- ۳ چوتھائی سر کا مسح کرنا۔
- ۴ ایک مرتبہ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

وضو کے نواقض

- وہ چیزیں جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے انہیں ''وضو کے نواقض'' کہتے ہیں اور وہ آٹھ ہیں:
- ۱ پاخانہ یا پیشاب کرنا۔
- ۲ ریح (یعنی ہوا) کا نکلنا۔
- ۳ جسم کے کسی حصے سے خون یا پیپ کا نکل کر بہہ جانا۔
- ۴ منہ بھر کرتے (اُلٹی) ہونا۔
- ۵ لیٹ کر یا ٹیک لگا کر سو جانا۔
- ۶ دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔
- ۷ بے ہوش ہو جانا۔
- ۸ نماز میں زور سے ہنسنا۔

فائدے کی بات

نمازی نماز پڑھ کر اسی جگہ جب تک باوضو بیٹھا رہے گا تو فرشتے اس کے لیے مغفرت اور رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں۔[۵]

ا (یہاں فرض سے مراد وضو کی وہ چیزیں ہیں جن کا کرنا لازم اور ضروری ہے اگر ان چار میں سے ایک بھی رہ جائے تو وضو نہیں ہوگا)

مشق

سوال:۱ صحیح جواب منتخب کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

(الف) ایک مرتبہ پورے چہرے کو دھونا۔ (تین ۔ دو ۔ ایک)

(ب) چوتھائی سر کا ________ کرنا۔ (خلال ۔ مسح ۔ غسل)

(ج) ایک مرتبہ دونوں پاؤں ________ سمیت دھونا۔ (گھٹنوں ۔ ٹخنوں ۔ کہنیوں)

سوال:۲ جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے آپ وہ سبق میں پڑھ چکے ہیں انہیں ان چیزوں کے ساتھ ملا کر لکھ دیا گیا ہے جن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا آپ انہیں الگ الگ کریں۔

پاخانہ یا پیشاب کرنا ۔ پانی پینا ۔ سانس لینا ۔ ریح (یعنی ہوا) کا نکلنا۔
کتاب پڑھنا ۔ تکیہ پر سر رکھنا ۔ لیٹ کر یا ٹیک لگا کر سو جانا ۔ خوشبو لگانا۔

جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے	جن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا
پاخانہ یا پیشاب کرنا	پانی پینا

سوال:۳ خالی خانوں میں الفاظ لکھ کر جملہ مکمل کریں۔ ہر خانے میں صرف ایک لفظ آئے گا۔

(الف) وضو کے چار [فرائض] ہیں۔

(ب) ایک مرتبہ [ ] چہرے کو دھونا۔

(ج) ایک مرتبہ دونوں [ ] ٹخنوں سمیت دھونا۔

(د) وہ چیزیں جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے انہیں وضو کے [ ] کہتے ہیں۔

(ھ) لیٹ کر یا ٹیک لگا کر [ ] جانا۔

(و) نماز میں [ ] سے ہنسنا۔

سوال:۴ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

(الف) کتنے سر کا مسح فرض ہے؟

(ب) جسم کے کسی حصے سے کیا نکل کر بہہ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا؟

(ج) کس طرح سو جائیں تو وضو ٹوٹ جائے گا؟

سبق:۲	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۳ نماز کی اہمیت وفضیلت

- نماز: ایک خاص انداز میں اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی بندگی کے اظہار کرنے کو "نماز" کہتے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ کے احکامات میں سب سے بڑا حکم نماز کا ہے۔
- نماز کا درجہ دین میں ایسا ہے جیسا کہ سر کا درجہ بدن میں۔ (۶)
- نماز، دین کا ستون ہے۔ (۷)
- نماز، جنت کی کنجی ہے۔ (۸)

یاد رکھنے کی بات

اللہ تعالیٰ باجماعت نماز پڑھنے پر خوش ہوتے ہیں

☆ قیامت میں سب سے پہلے نماز ہی کا حساب ہوگا۔

جس کی نماز صحیح نکلے گی، اس کے باقی اعمال بھی صحیح نکلیں گے اور جس کی نماز صحیح نہیں ہو گی، اس کے باقی اعمال بھی صحیح نہیں ہوں گے۔ (۹)

- ہر مسلمان پر دن رات میں پانچ وقت کی نمازیں پڑھنا فرض ہے۔ یہ کسی حالت میں معاف نہیں۔

نماز دین کا ستون ہے

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

☆ ''اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں، جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور وقت پر نماز پڑھے اور رکوع، سجدہ بھی اچھی طرح کرے اور خشوع سے بھی پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے ذمّے ہے کہ وہ اس کی مغفرت کرے اور جو ایسا نہ کرے اس کی اللہ تعالیٰ پر کوئی ذمّے داری نہیں، چاہے مغفرت کرے، چاہے عذاب دے۔'' (۱۰)

☆ نماز کا اسلام میں بہت اونچا درجہ اور اس کی بڑی فضیلت ہے اس لیے نماز کو سیکھ کر صحیح طریقے پر پڑھنا اور اس کا اہتمام کرنا ہر مسلمان پر ضروری ہے۔

📖 جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے نماز کا ثواب پچیس درجے بڑھ جاتا ہے۔ (۱۱)

☆ اذان ہوتے ہی سارے کاموں کو چھوڑ کر نماز کی تیاری شروع کر دینی چاہیے۔

☆ مرد اور بچے نماز جماعت کے ساتھ اہتمام سے مسجد میں ادا کریں اور اپنے دوستوں کو بھی نماز پڑھنے کی دعوت دیا کریں۔

☆ خواتین اور بچیاں اذان ہوتے ہی گھر پر اکیلے نماز ادا کریں۔

مشق

سوال:۱ نماز کسے کہتے ہیں؟

جواب:__________

سوال:۲ نماز کا درجہ دین میں کیسا ہے؟

جواب:__________

سوال:۳ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے کتنا ثواب بڑھ جاتا ہے؟

جواب:__________

سوال:۴ خالی جگہ پُر کریں۔

(الف) اللہ تعالیٰ کے ___احکامات___ میں سب سے بڑا حکم نماز ہے۔

(ب) نماز __________ کا ستون ہے۔

(ج) نماز __________ کی کنجی ہے۔

(د) اذان ہوتے ہی سارے کاموں کو چھوڑ کر __________ شروع کردینی چاہیے۔

سوال:۵ خوش خط لکھیں۔

اہمیت فضیلت بندگی اعمال صحیح

سوال: ٦ ہم معنیٰ الفاظ کے گرد دائرہ اور مختلف معنیٰ والے الفاظ کے گرد چوکور خانہ بنائیں۔

(الف) چابی - کنجی - تالا
(ب) عبادت - گناہ - بندگی
(ج) بدن - عمارت - جسم
(د) جنت - بہشت - دوزخ
(ھ) صحیح - غلط - درست

سوال: ٧ نیچے دیے گئے الفاظ کو پزل میں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔
ان الفاظ کو آپ دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے تلاش کر سکتے ہیں۔

فضیلت ، مسلمان ، اہتمام ، دعوت

ص	ت	ل	ی	ض	ف	ا
ل	م	ص	ر	د	ط	ج
ک	س	ل	ز	ع	ظ	د
ب	ل	ک	س	و	غ	ن
ن	م	ا	م	ت	ہ	ا
ہ	ا	ق	ص	ی	ہ	ک
ج	ن	ہ	ط	ر	ز	س

	دستخط سرپرست		دستخط معلم/معلمہ	سبق: ٣ یہ سبق دس دن میں پڑھائیں

سبق: ۴

مکمل نماز

تکبیرِ تحریمہ

"اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔"(۱۲)

☆ ترجمہ: "اللہ سب سے بڑا ہے۔"

ثَنَا

"سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ۔"(۱۳)

☆ ترجمہ: "اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں اور تیرا نام بہت برکت والا ہے اور تیری بزرگی برتر ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

تَعَوُّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

☆ ترجمہ: "میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔"

تَسْمِیَہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

☆ ترجمہ: "شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے۔"

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّیْنَ ۠

☆ ترجمہ: "تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے ① جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے ② جو روزِ جزا کا مالک ہے ③ (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں ④ ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما ⑤ ان لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام کیا ہے ⑥ نہ کہ ان لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے، اور نہ ان کے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں ⑦"۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ۬ وَ لَمْ یُوْلَدْ ۙ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۠

☆ ترجمہ: "کہہ دو: بات یہ ہے کہ اللہ ہر لحاظ سے ایک ہے ① اللہ ہی ایسا ہے کہ سب اس کے محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں ② نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے ③ اور اس کے جوڑ کا کوئی بھی نہیں ④"

سوال:۱ پنسل سے مکمل کیجیے۔

(الف) اَللّٰہُ اَکْبَرُ

(ب) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

(ج) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سوال:۲ مندرجہ ذیل آیات کا ترجمہ لکھیں۔

آیات	ترجمہ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿۲﴾	جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے۔
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿۳﴾	
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ﴿۵﴾	

سوال: ۳ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

محتاج ۔ اولاد

(الف) سب اللہ کے ___محتاج___ ہیں۔

(ب) اللہ تعالیٰ کسی کے ________ نہیں۔

(ج) اللہ تعالیٰ کی کوئی ________ نہیں۔

(د) اللہ تعالیٰ کسی کی ________ نہیں۔

سوال: ۴ خالی ڈبوں میں الفاظ لکھ کر جملہ مکمل کریں۔

(الف) تمام تعریفیں اللہ کی ہیں [جو تمام جہانوں کا] پروردگار ہے۔

(ب) [(!)] ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔

(ج) ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما [   ] جن پر تو نے انعام کیا ہے۔

سوال: ۵ مندرجہ ذیل میں سے جو اچھے معنیٰ والے الفاظ ہیں ان کے دائروں میں سبز رنگ اور برے معنیٰ والے الفاظ کے دائروں میں سرخ رنگ بھریں۔

مہربان

سبق: ۴	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق: ۵ رکوع کی تسبیح

"سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ۔" (۱۴)

☆ ترجمہ: "میں اپنے عظیم رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔"

رکوع سے اٹھنے کی تسمیع

"سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ۔" (۱۵)

☆ ترجمہ: "اللہ تعالیٰ نے سُن لی اس شخص کی جس نے اس کی تعریف کی۔"

قومہ کی تحمید

"رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ (۱۶) حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ۔" (۱۷)

☆ ترجمہ: "اے ہمارے رب! تیرے ہی لیے بہت تعریف ہے، پاکیزہ اور برکت والی۔"

سجدے کی تسبیح

"سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" (۱۸)

☆ ترجمہ: "میں اپنے بلند رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔"

جلسے کی دعا

"اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي" (۱۹)

☆ ترجمہ: "اے اللہ! تو مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم کر اور مجھے عافیت دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا کر۔"

تَشَهُّدُ

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰاتُ وَالطَّيِّبَاتُ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ (۲۰)

☆ ترجمہ: "تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔ سلام ہو آپ پر اے نبی! اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔"

عبادات

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ (۲۱)

☆ ترجمہ: ”اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ان کی آل پر جیسے رحمت نازل فرمائی تو نے ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَامُ) پر اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ان کی آل پر جیسے برکت نازل فرمائی تو نے ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَامُ) اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔“

سوال:۱ پنسل سے مکمل کریں۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

سوال:۲ جلسے کی دعا میں اللہ تعالیٰ سے پانچ (۵) دعائیں مانگی گئی ہیں آپ انہیں ترتیب سے لکھیں۔

۱ اے اللہ! تو مجھے معاف فرما ____________

۲ اور ____________

۳ اور ____________

۴ اور ____________

۵ اور ____________

سوال:۳ خالی خانے پُر کریں۔

تمام [ ] عبادتیں اور تمام فعلی [ ]

مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے [ ] [ ]

سوال:۴ پنسل سے مکمل کیجیے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سبق:۵	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق:٦ درود کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔(٢٢)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا اور اس میں شک نہیں کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا، پس تو اپنی طرف سے (خاص بخشش سے) مجھ کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرمادے۔ بے شک تو ہی بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔''

سلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ۔(٢٣)

☆ ترجمہ: ''سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت ہو۔''

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔(٢٤)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! تو ہی سلامتی دینے والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی (مل سکتی) ہے، بہت برکت والا ہے تو، اے عظمت اور بزرگی والے!''

☆ فائدہ: فرض نماز کے بعد ٣٣ بار ''سُبْحَانَ اللّٰهِ'' ٣٣ بار ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ'' اور ٣٤ بار ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' پڑھنے کا بہت زیادہ ثواب ہے۔(٢٥)

عملی مشق | ہم سب کو ہر فرض نماز کے بعد یہ کلمات پڑھنے چاہئیں۔

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَ نَشْكُرُكَ وَ لَانَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔ (۲۶)

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور ہم الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور ہم (تیری ہی عبادت کے لیے) جلد تیار ہوجاتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے''۔

سوال:۱ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

سلامتی ، عذاب ، گناہوں ، مہربان ، رحمت ، عبادت

(الف) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ____گناہوں____ کو بخش نہیں سکتا۔

(ب) بے شک تو ہی بخشنے والا اور بہت ________ ہے۔

(ج) اللہ تعالیٰ ہی ________ دینے والا ہے۔

(د) ہم اللہ تعالیٰ ہی کی ________ کرتے ہیں۔

(ھ) ہم اللہ تعالیٰ کی ________ کے امیدوار ہیں۔

(و) ہم اللہ تعالیٰ کے ________ سے ڈرتے ہیں۔

سوال:۲ ذیل میں دیے گئے اچھے کاموں کے گرد سبز اور برے کاموں کے گرد سرخ دائرہ بنائیں۔

نافرمانی کرنا

ناشکری کرنا   نماز پڑھنا   گناہ کرنا

اللہ سے مدد مانگنا   اللہ کے عذاب سے ڈرنا

سوال: ۳ پنسل سے مکمل کیجیے۔

(الف) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ
الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِکَ
وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ؕ

(ب) اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

(ج) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ
وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ ؕ وَنَشْکُرُکَ
وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ ؕ
اَللّٰهُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ
نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ ؕ
اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ؕ

ہدایت برائے استاذ/معلمہ:
لڑکوں کو "مردوں کی نماز کا طریقہ" اور لڑکیوں کو "خواتین کی نماز کا طریقہ" پڑھائیں۔

سبق: ۶	یہ سبق دس دن میں پڑھائیں	دستخط معلم/معلمہ		دستخط سرپرست	

سبق:۷ مردوں کی نماز کا طریقہ

☆ جب نماز پڑھنے کے لیے قبلہ رخ کھڑے ہوں تو دونوں پیروں کے درمیان کم از کم چار انگلی اور زیادہ سے زیادہ ایک بالشت کا فاصلہ ہو اور سب سے پہلے نماز کی نیت کر کے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہیں۔

☆ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے وقت اپنے دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک اٹھائیں پھر ناف کے نیچے باندھ لیں اور نگاہ سجدے کی جگہ پر رکھیں۔

☆ "سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ" اخیر تک پڑھیں۔

☆ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ" اور "بِسْمِ اللّٰهِ" پڑھ کر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اخیر تک پڑھیں۔

☆ اس کے بعد کوئی سورت پڑھیں۔

☆ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے رکوع میں جائیں اور کم از کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" اطمینان سے کہیں۔ رکوع کی حالت میں ہاتھ کی انگلیاں کھلی رکھ کر ان سے گھٹنے پکڑیں، بازو پہلو سے علیحدہ رکھیں اور نگاہ اپنے پاؤں پر رکھیں۔

☆ "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہتے ہوئے اطمینان کے ساتھ کھڑے ہو جائیں پھر "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہیں اور نگاہ سجدے کی جگہ پر رکھیں۔

☆ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے سجدے میں اس طرح جائیں کہ زمین پر پہلے گھٹنے رکھیں پھر دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر انگلیاں ملائیں اور دونوں ہاتھوں کے درمیان پہلے ناک اور پھر پیشانی رکھیں۔

☆ سجدے میں اس کا خیال رکھیں کہ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں قبلے کی طرف ہوں، پیٹ کو رانوں سے اور بازو کو پہلو سے الگ رکھیں اور ہاتھ زمین پر نہ بچھائیں۔

سجدے میں کم از کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" اطمینان سے کہیں اور نگاہ ناک پر رکھیں۔

☆ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے سکون اور اطمینان سے بیٹھ جائیں اور نگاہ اپنی گود پر رکھیں۔

☆ "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہہ کر دوسرا سجدہ بھی اسی طرح سکون اور اطمینان سے کریں۔

☆ دوسری رکعت کے لیے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے کھڑے ہو جائیں، دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح پوری کریں البتہ "ثَنَا" اور "تَعَوُّذ" نہ پڑھیں۔

☆ جب دوسرا سجدہ کر چکیں تو الٹے پاؤں پر بیٹھ جائیں اور سیدھا پاؤں کھڑا رکھیں اور پاؤں کی انگلیاں قبلہ رخ موڑ دیں اور ہاتھ رانوں پر رکھ کر "تَشَهُّد" پڑھیں۔

☆ جب "اَشْهَدُ اَنْ لَّآ" پر پہنچیں تو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور بیچ کی انگلی کا گول حلقہ بنا کر چھوٹی انگلی اور اس کے پاس والی انگلی کو بند کر لیں، "لَآ اِلٰهَ" پر شہادت کی انگلی اٹھائیں اور "اِلَّا اللّٰهُ" پر اسے جھکائیں، سلام پھیرنے تک تمام انگلیاں اسی حالت پر رکھیں۔

☆ اگر تین رکعت یا چار رکعت پڑھنی ہو تو صرف ''تَشَھُّد'' اخیر تک پڑھ کر ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے کھڑے ہو جائیں اور باقی رکعت پڑھ لیں۔

☆ فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت نہ ملائیں۔ جب کہ واجب، سنت اور نفل نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ سورت بھی پڑھیں۔

☆ جب چوتھی رکعت کے قعدہ میں بیٹھیں تو ''تَشَھُّد''، ''درودِ ابراھیمی'' اور ''دعا'' پڑھ کر سلام پھیر دیں۔ دائیں طرف سلام پھیرتے وقت سیدھے کندھے پر اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت الٹے کندھے پر نگاہ رکھیں۔

☆ وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ الفاتحۃ اور سورت پڑھنے کے بعد ''اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں کی لو تک اٹھا کر باندھ لیں، پھر دعائے قنوت پڑھیں۔

سوال:۱ مندرجہ ذیل جملوں کو لکیر کے ذریعہ آپس میں ملائیں۔

نماز کی نیت کر کے	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی
رکوع میں پڑھیں	اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں۔
رکوع سے اٹھتے ہوئے پڑھیں	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ
سجدے میں پڑھیں	سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

سوال:۲ خالی ڈبوں میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیں۔

سجدہ ، دعائے قنوت ، رکوع ، فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت ، قومہ

بازو پہلو سے علیحدہ، نگاہ پاؤں پر	رکوع
بازو پہلو سے علیحدہ، ہاتھ زمین پر نہ بچھائیں	
رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہیں	
سورہ فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت نہ ملائیں	
وتر کی تیسری رکعت میں سورت پڑھنے کے بعد پڑھی جانے والی دعا	

سوال:۳ الفاظ کو جسم کے حصوں سے ملائیں۔

☆ نماز شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح دیکھ لیں کہ چہرے، ہاتھ اور پاؤں کے علاوہ پورا جسم کپڑے سے چھپا ہوا ہو۔

☆ کلائی، کان اور سر کے بالوں کا چھپانا بھی ضروری ہے، بڑی چادر یا ایسا بڑا دوپٹہ استعمال کریں جو موٹا ہو اور اس سے آر پار نظر نہ آتا ہو تاکہ بال نیچے لٹکے نظر نہ آئیں۔

📖 خواتین کے لیے کمرے میں نماز پڑھنا صحن میں نماز پڑھنے سے افضل ہے اور کمرہ کے اندر چھوٹی کوٹھری میں نماز پڑھنا کمرے میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔ (۲۷)

☆ نماز شروع کرتے وقت دونوں پاؤں کے درمیان چار انگلی کا فاصلہ رہے اور ''اَللّٰهُ اَکْبَرُ'' کہتے ہوئے دوپٹے کے اندر سے ہی ہاتھ کندھوں تک اٹھائیں۔ (۲۸)

☆ نماز کی تمام حالتوں میں ہاتھوں کی انگلیاں ملا کر رکھیں۔

☆ ہاتھ سینے پر اس طرح باندھیں کہ سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی الٹے ہاتھ کی پشت پر دوپٹے کے اندر رکھیں۔ (۲۹)

☆ ثَنَا، تَعَوُّذْ، تَسْمِيَهْ، سُوْرَةُ الْفَاتِحَة اور سورت پڑھنے کے بعد اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے رکوع میں جائیں اور کم از کم تین مرتبہ ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ'' کہیں۔

☆ رکوع میں اتنا جھکیں کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں، گھٹنوں پر انگلیاں ملا کر رکھیں۔ گھٹنوں کو آگے کی طرف ذرا سا جھکا دیں، بازو پہلوؤں سے ملے ہوئے ہوں، دونوں پاؤں کے ٹخنے ملا دیں اور نگاہ اپنے پاؤں پر رکھیں۔ (۳۰)

☆ ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ'' کہتے ہوئے اطمینان کے ساتھ کھڑی ہوں پھر

’’رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ‘‘ کہیں اور نگاہ سجدے کی جگہ پر رکھیں۔

☆ ’’اَللّٰہُ اَکْبَرُ‘‘ کہتے ہوئے سجدہ میں اس طرح جائیں کہ پہلے گھٹنے، پھر ہاتھ، پھر ناک اور پھر پیشانی رکھیں اور کم از کم تین مرتبہ ’’سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی‘‘ کہیں۔

☆ سجدے میں پیٹ رانوں سے اور ہاتھ پہلوؤں سے ملے ہوئے ہوں، کہنیوں سمیت پورا ہاتھ زمین پر بچھادیں، دونوں پاؤں دائیں طرف نکال کر بچھادیں، خوب سمٹ کر سجدہ کریں اور نگاہ ناک پر رکھیں۔(۳۱)

☆ ’’اَللّٰہُ اَکْبَرُ‘‘ کہتے ہوئے سکون اور اطمینان سے جلسہ میں اس طرح بیٹھیں کہ دونوں پاؤں دائیں طرف نکال دیں اور بائیں سرین پر بیٹھیں اور دونوں ہاتھ رانوں پر اس طرح رکھیں کہ انگلیوں کے سرے گھٹنوں کے قریب ہوں۔(۳۲)

☆ ’’اَللّٰہُ اَکْبَرُ‘‘ کہتے ہوئے دوسرا سجدہ بھی اسی طرح سکون اور اطمینان سے کریں۔

☆ دوسری رکعت کے لیے ’’اَللّٰہُ اَکْبَرُ‘‘ کہتے ہوئے کھڑی ہوں، دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح پوری کریں البتہ ثَنَا اور تَعَوُّذ نہ پڑھیں۔

☆ جب دوسرا سجدہ کرلیں تو اس طرح بیٹھ جائیں جس طرح دو سجدوں کے درمیان بیٹھتے ہیں اور ’’تَشَھُّدْ‘‘ پڑھیں۔

☆ جب ’’اَشْھَدُ اَنْ لَّآ‘‘ پر پہنچیں تو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے حلقہ بنا کر چھوٹی انگلی اور اس کے برابر والی انگلی کو بند کرلیں۔ ’’لَآ اِلٰہَ‘‘ پر شہادت کی انگلی اٹھائیں اور ’’اِلَّا اللّٰہُ‘‘ پر نیچے کرلیں، سلام پھیرنے تک تمام انگلیاں اسی حالت پر رکھیں۔

☆ ’’تَشَھُّدْ‘‘ پڑھنے کے بعد درود شریف اور دعا پڑھ کر سلام پھیریں، دائیں طرف سلام پھیرتے وقت سیدھے کندھے پر اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت الٹے کندھے پر نگاہ رکھیں۔

☆ اگر تین رکعت، یا چار رکعت نماز پڑھنی ہو تو صرف "تَشَهُّد" پڑھ کر "اَللّٰهُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے کھڑی ہو جائیں اور باقی رکعتیں پوری کریں۔

☆ فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف تسمیہ اور سورۃ الفاتحۃ پڑھیں، جب کہ واجب، سنت اور نفل نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحۃ کے ساتھ سورت بھی پڑھیں۔

☆ وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ الفاتحۃ اور سورت پڑھنے کے بعد "اَللّٰهُ اَکْبَرُ" کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھا کر باندھ لیں پھر دعائے قنوت پڑھیں۔

مشق

سوال: ۱ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

دوپٹے ۔ ملا کر ۔ نظر ۔ چار انگلی

(الف) نماز شروع کرتے وقت دونوں پاؤں کے درمیان ___چار انگلی___ کا فاصلہ رہے۔

(ب) ہاتھ سینے پر اس طرح باندھیں کہ سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی الٹے ہاتھ کی پشت پر __________ کے اندر رکھیں۔

